Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

30 مئی، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

اس مسلسل بدلتے ہوئے بحران کے ردِعمل میں آپ کے جاری تحمل اور لچکداری کا شکریہ۔ ہم آج آپ کو سال کے اختتام کے اسکول کیلنڈر کے بارے میں چند اہم تجدیدات اور یاددہانیوں کے بارے میں بتانے کے لیے لکھ رہے ہیں۔

جون میں دو دن ایسے آنے والے ہیں جو اصل میں ایسے اوقات شیڈول کیے گئے تھے جب طلبا حاضر نہیں ہونگے۔ تاہم، اس جاری عالمی وبا کی وجہ سے، طلبا سے ان دونوں دنوں میں ریموٹ لرننگ میں حصہ لینے کی توقع کی جاتی ہے:

- **جمعرات، 4 جون**، اصل میں بروکلن / کوئنز ڈے کی تعمیل میں (بطور سالگرہ کا دن بھی جانا جاتا ہے) تمام طلبا کے لیے غیرحاضری کا دن شیڈول کیا گیا تھا۔
- **منگل، 9 جون** اصل میں گریڈز K-8 والے اسکولوں اور ساتھ ہی ضلع 75 اسکولوں اور پروگراموں کے طلبا کے لیے غیرحاضری کا دن شیڈول کیا گیا تھا۔

4 جون کو، تمام طلبا سے کام خودمختارانہ طور پر مکمل کرنے کی توقع کی جاتی ہے کیونکہ عملہ پیشہ ورانہ فروغ میں مصروف ہوگا۔ اساتذہ سے 4 جون کو طلبا کو مصروف رکھنے کی توقع نہیں کی جاتی ہے؛ اس کے بجائے، اسکول اس دن کے لیے طلبا کو پیشگی اس دن کے کام کو خودمختاری سے کرنے کا انتظام کریں گے۔

9 جون کو، وہ طلبا جو ایک گریڈز K-8 والے اسکول میں شرکت کرتے ہیں یا جو ضلع 75 اسکول میں جاتے ہیں، ان سے اپنا کام خودمختارانہ طور پر مکمل کرنے کی توقع کی جاتی ہے کیونکہ عملہ دوبارہ تنظیم کے کام میں مصروف ہوگا۔ ان اسکولوں میں اساتذہ سے 9 جون کو طلبا کو مصروف رکھنے کی توقع نہیں کی جاتی ہے؛ اس کے بجائے، اسکول اس دن کے لیے طلبا کو پیشگی اس دن کے کام کو خودمختاری سے کرنے کا انتظام کریں گے۔

اگر آپ کے اپنے طالب علم کے اسکول شیڈول کے بارے میں کوئی سوالات یا تشویشات ہیں، براہِ مہربانی مزید معلومات کے لیے اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

بطور یاددہانی، 26 جون تمام طلبا کے لیے اسکول کا آخری دن اور نصف دن ہے۔ ہم خاندانوں کو آنے والے ہفتوں میں 20-2019 تعلیمی سال کے اختتام کے بارے میں مزید رہنمائی فراہم کریں گے۔

آپکی شراکت کا ایک بار پھر شکریہ جبکہ ہم غیرمانوس وقتوں سے گزر رہے ہیں۔ میں اکثر کہتا ہوں کہ ہمارے پاس دنیا کے بہترین طلبا، عملہ اور خاندان ہیں۔ آپ اور آپ کے بچے یہ ہر روز ثابت کرتے ہیں۔ ملکر، ہم اس طوفان کا مقابلہ کرنا جاری رکھیں گے۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم